09.05.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کیلئے سیاسی پارٹیوں نے اپنی چناؤ مہم اور تیز کردی ہے۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج شام راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈس عطا کریں گی۔

☆ دفاع کے محکمے کے سکریٹری گِردھر اَرمانے نے کہا ہے کہ دفاعی شعبے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی کیلئے خودکفالت انتہائی ضروری ہے کیونکہ ملک دوسروں پر انحصار نہیں کرسکتا ۔

☆ ایئرانڈیا ایکسپریس نے درجنوں پروازیں منسوخ ہونے کے پیشِ نظر عملے کے 25 سینئر اہلکاروں کو نوکری سے نکال دیا ہے۔

☆ CBI نے دلّی کے رام منوہر لوہیا اسپتال میں پیسے لینے کے ایک معاملے میں دو کارڈیالوجسٹ سمیت گیارہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام دھرم شالہ میں پنجاب کنگس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آتی جارہی ہے۔ انتخابات کے چوتھے مرحلے کے تحت اِس ماہ کی 13 تاریخ کو 10 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام ایک علاقے کی 96 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس مرحلے کے تحت ایک ہزار 717 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ 13 مئی کو پولنگ سے قبل انتخابی مہم کیلئے صرف تین دن باقی رہنے کے پیشِ نظر تلنگانہ میں چناؤ مہم اپنے عروج پر ہے۔سبھی سیاسی پارٹیوں کے اعلیٰ رہنما اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی خاطر ووٹروں کو راغب کررہے ہیں۔ BJP کے سینئر رہنما اور مرکزی وزیر امت شاہ نے آج Bhongir لوک سبھا حلقے میں

چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ جناب شاہ نے کہا کہ موجودہ چناؤ مودی کی ترقی کی گارنٹی اور راہل گاندھی کے اپنے کنبے کی بہبود کی گارنٹی کے درمیان ہے۔

انہوں نے لوگوں سے ریاست میں دوہرے ہندسے کی سیٹیں فراہم کرکے BJP کو ایک موقع دینے کی اپیل کی۔ Bhongir لوک سبھا حلقے میں BJP امیدوار ڈاکٹر Boora Narsaiah Goud کی حمایت میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ، انہوں نے BRS پر مبینہ طور پر الزام لگایا کہ اُس نے ریاست میں ایک دہائی تک حکمرانی کی اور صرف اپنے ذاتی مفادات کا خیال رکھا ، جبکہ کانگریس حکومت نے ، جسے پانچ سال کیلئے عوام نے چنا ، اُس نے ریاست کو ایک ATM بنا دیا۔

اس دوران کانگریس رہنما راہل گاندھی آج شام Narsapur اور Saroor نگر میں چناوی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

BRS کے سربراہ اور سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ آج کریم نگر میں ایک روڈ شو کریں گے۔

## LS Poll 6th Phase

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کے لیے نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اِس مرحلے میں 25 مئی کو 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام ایک علاقے کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دلی کی سبھی 7 سیٹوں، ہریانہ کی سبھی 10 سیٹوں، اترپردیش کی 14 سیٹوں، بہار اور مغربی بنگال کی 8-8 سیٹوں، اوڈیشہ کی 6 سیٹوں اور جھارکھنڈ کی 4 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ سبھی مرحلوں میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی 4 جون کو ہوگی۔

## Prez Padma Awards

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں سول اعزاز دیے جانے کی دوسری تقریب میں پدم ایوارڈس پیش کریں گی۔ پدم ایوارڈس ملک کے اعلیٰ ترین سویلین ایوارڈس میں سے ایک ہیں، جو پدم وبھوشن، پدم بھوشن اور پدم شری تین زمروں میں دیئے جاتے ہیں۔ یہ ایوارڈس مختلف شعبوں اور سرگرمیوں کے لیے دیے جاتے ہیں، جس میں آرٹ ، سماجی خدمات ، عوامی امور ، سائنس اور انجینئرنگ ، کاروبار اور صنعت ، ادویات ، ادب اور تعلیم ، کھیل اور سول سروس شامل ہیں۔ ان ایوارڈس کا اعلان ہر سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جاتا ہے۔ گذشتہ مہینے 22 اپریل کو صدرِ جمہوریہ نے تین پدم وبھوشن ، 8 پدم بھوشن اور 55 پدم شری ایوارڈ عطا کئے تھے۔

## DRDO Symposium

دفاع کے سکریٹری گردھر ارمانے نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ دفاع کے شعبے میں بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں خود مختار بنا اہمیت کا حامل ہے کیونکہ ملک دوسروں پر انحصار نہیں کرسکتا۔ آج نئی دلی میں DRDO کے قومی سمپوزیم اور نمائش کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب ارمانے نے کہا کہ آتم نربھرتا محض ایک نعرہ نہیں ہے بلکہ یہ ملک کی اقتصادی ترقی کے لیے بہت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ خودمختاری سے بنیادی ڈھانچے کی لاگت میں کمی کرنے میں مدد ملتی ہے۔

امریکہ کی یوکرین کو مدد میں تاخیر کا حوالہ دیتے ہوئے ارمانے نے کہا کہ عالمی سیاست میں کوئی بھروسے مند دوست نہیں ہوتا ہے اور ملک دوسروں پر انحصار نہیں کرسکتا۔ انہوں نے دفاعی شعبے کے لیے اختراعی اور ٹکنالوجی پر مبنی سازوسامان کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ اپنی طرح کا پہلا پلیٹ فارم ہے جہاں سبھی شراکت دار جمع ہوں گے اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے ٹکنالوجی پر مبنی حل سے متعلق تبادلہ خیال کریں گے۔ اُدھر DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے کہا کہ دھماکہ خیز مادوں کو اسٹور کرنے کے لیے تکنیکی بنیادی ڈھانچے کی ضرورت ہے۔

## Kerala Air India Express

ایئرانڈیا ایکسپریس نے پروازیں منسوخ ہونے کے معاملے کے پیش نظر عملے کے اپنے 25 سینئر اہلکاروں کو نوکری سے نکال دیا ہے۔ ایئرانڈیا ایکسپریس کی تقریباً 80 پروازیں پیشگی اطلاع کے بغیر عملے کے کئی ممبران کی جانب سے بڑے پیمانے پر Sick Leave لئے جانے کے سبب منسوخ ہوگئی تھیں۔ آج بھی اُس کی 85 پروازیں منسوخ ہوئیں ۔ جو مسافر اِس سے متاثر ہوئے ہیں ، وہ یا تو اپنا پورا پیسہ وصول کرسکتے ہیں یا بعد کی تاریخ میں پرواز کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ ایئرانڈیا ایکسپریس نے اِس بات کی بھی تصدیق کی ہے کہ وہ 20 روٹس پر ایئرانڈیا کی مدد سے آج 283 پروازیں چلائے گی۔

## CBI - Nexus Busted

مرکزی جانچ بیورو CBI نے نئی دلّی کے رام منوہر لوہیا اسپتال میں سازباز کرنے کے الزام میں دو کارڈیالوجسٹ سمیت گیارہ افراد کو گرفتار کیا ہے۔ ان پر الزام ہے کہ یہ طبی ساز و سامان سپلائی کرنے والوں اور مریضوں سے ڈاکٹروں کے ساتھ اُن کے اپائنٹمنٹ کیلئے مبینہ طور پر پیسے لے رہے تھے اور فرضی میڈیکل سرٹیفکیٹ بنا رہے تھے۔ ایجنسی نے اِس معاملے میں ڈاکٹروں اور ڈیلروں کے 15 مقامات پر چھاپوں کی کارروائی انجام دی اور 15 افراد کے خلاف دو فردِ جرم درج کی ہیں۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ حالیہ عرصے میں ڈاکٹروں اور طبی ساز و سامان سپلائی کرنے والوں کے درمیان ساز باز کے خلاف یہ دوسری بڑی کارروائی ہے۔ گذشتہ برس CBI نے اِسی طرح کے ایک معاملے میں صفدرجنگ اسپتال کے ایک ڈاکٹر کو حراست میں لیا تھا۔

## VP - Ayodhya

نائب صدرِ جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ کل ایودھیا کا دورہ کریں گے۔ ایودھیا کے اپنے ایک روزہ دورے میں نائب صدر شری رام للا مندر ، ہنومان گڑھی مندر اور کُبیر ٹیلہ جائیں گے اور سریو گھاٹ پر آرتی میں بھی شامل ہوں گے۔

## PM Maharana Pratap

وزیراعظم نریندر مودی نے مہارانا پرتاپ کو اُن کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں

جناب مودی نے کہا کہ مہارانا پرتاپ کی زندگی جرأت، خوداری اور بہادری کی ایک مثال ہے، جس سے آج بھی ملک کے ہر شہری کو ترغیب مل رہی ہے۔

## PM Yohan

وزیراعظم نریندر مودی نے Belivers Eastern Church کے میٹروپولیٹن Moran Mor Athanasius Yohan کے انتقال پر تعزیت پیش کی۔ سوشل میڈیا کے پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ غریب طبقے کی معیار زندگی کو بہتر بنانے کے لیے اُن کی خدمات کو یاد رکھا جائے گا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ اُن کے احساسات میٹروپولیٹن Yohan کے کنبے اور Belivers Church کے سبھی عقیدت مندوں کے ساتھ ہیں۔

## Rev FS - Dhaka Visit

بھارت کے خارجہ سکریٹری ونے موہن کواترا نے آج صبح ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کی وزیر اعظم شیخ حسینہ سے ملاقات کی۔ جناب کواترا بنگلہ دیش کے وزیر خارجہ حسن محمود سے بھی ملے ۔ جناب کواترا بنگلہ دیش کے ایک روزہ دورے پر کل ڈھاکہ پہنچے تھے۔ اُن کا بنگلہ دیش کے اپنے ہم منصب مسعود بن مومن سے بھی آج ملاقات کا پروگرام ہے۔ میٹنگ کے دوران طرفین سیاست، سکیورٹی ، تجارت اور سرمایہ کاری ، بجلی اور توانائی ، دفاع ، کنکٹیویٹی اور ذیلی علاقائی تعاون سمیت دو طرفہ معاملات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

## Altaf Balochistan

متحدہ قومی موومنٹ (MQM) کے بانی الطاف حسین نے پاکستان کے بلوچستان صوبے میں زبردستی غائب کیے گئے افراد کے معاملے کو اٹھایا ہے اور پاکستانی فوج سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اپنی پالیسی اور ترجیحات میں تبدیلی کرکے گمشدہ افراد کی تلاش کرے۔ ایک ویڈیو شیئرنگ ایپ پر خطاب کرتے ہوئے حسین نے پاکستان میں بلوچ اور دیگر نسل کے لوگوں کی گمشدگی کے سنگین معاملات کو اُجاگر کیا۔ انہوں نے فوج کے کمانڈروں سے کہا کہ اپنی پالیسی اور ترجیحات کا ازسرنو جائزہ لیں اور گمشدہ افراد کو تلاش کریں۔ انہوں نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ اس معاملے کا پرامن حل نکالنے کے لیے بات چیت کی جائے۔

## POJK Protests & EAM

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہاہے کہ ملک کی ہر سیاسی پارٹی اِس بات کو یقینی بنانے کا عہد کیے ہوئے ہے کہ پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر PoK، جو بھارت کا حصہ ہے، وہ پھر سے بھارت میں آجائے۔
نئی دلّی میں طلبا کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ جموں وکشمیر میں آئین کی دفعہ 370 منسوخ کیے جانے کے بعد PoK معاملہ لوگوں کی سوچ میں اوپر آگیاہے۔

پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے حصے میں کشیدگی بڑھتی جارہی ہے۔ وہاں پاکستانی انتظامیہ ہفتے کے روز ہونے والے احتجاج کو دبانے کیلئے صوبۂ پنجاب سے فوجیوں کو تعینات کر رہی ہے۔
البتہ یونائیٹڈ کشمیر پیپلز نیشنل پارٹی اور جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی نے پرامن مظاہرین کے خلاف کسی بھی طرح کی وحشیانہ طاقت کے استعمال کے خلاف انتظامیہ کوسنگین وارننگ دی ہے۔
دونوں مذکورہ پارٹیوں نے یہ وارننگ جاری کی ہے کہ اگر انتظامیہ احتجاج کرنے والوں کے خلاف کسی طرح کی طاقت کا استعمال کرتی ہے، جو اپنے جائز مطالبات اٹھارہے ہیں، تو وہ بین الاقوامی سطح پر احتجاج اور مظاہرے کریں گے۔
یونائیٹڈ کشمیر پیپلز نیشنل پارٹی اور جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی طرف سے جاری کیے گئے مشترکہ بیان کے مطابق مظاہرین غیر منصفانہ ٹیکس، بجلی کے بڑے بڑے بلوں، بے قابو مہنگائی اور آٹے جیسی ضروری اشیا کی شدید قلت پر احتجاج کر رہے ہیں۔
اِس کے علاوہ عوام مقامی آراضی اور پانی کے وسائل کی ملکیت کا مطالبہ بھی کر رہے ہیں۔ ساتھ ہی وہ پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر کے حصے اور پاکستان کے زیر قبضہ گلگت بلتستان میں واقع پلانٹس میں تیار ہونے والی ہائیڈرو الیکٹرک بجلی پر مقامی افراد کو رائلٹی دیئے جانے کی بھی مانگ کر رہے ہیں۔

## Bangladesh Tagore

بنگلہ دیش میں کل گرودیو رابندرناتھ ٹیگور کا 163 واں یوم پیدائش منایا گیا۔ اِس موقع پر کئی جگہوں پر ثقافتی پروگرام، بات چیت اور فن پاروں کی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ 'رویندر جنم جینتی' منانے کے لیے بھارت کے ہائی کمیشن میں اندراگاندھی کلچرل سینٹر میں ثقافتی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اِس پروگرام میں مشہور رویندر سنگیت کی ماہر رضوانہ چودھری Bannya اور Shurer Dhara نے رویندر گیت اور رقص پیش کیا۔

## Heatwave Weather

اب جبکہ پورے ملک میں درجۂ حرارت بڑھ گیا ہے' پورے بھارت میں غیرمتوقع گرم ہوائیں چل رہی ہیں جس سے درجۂ حرارت الارمنگ سطح پر پہنچ گیا ہے۔ 1940 سے اب تک پوری دنیا میں 2024 اپریل کا مہینہ سب سے گرم رہا ہے۔ ملک کے بڑے حصے میں درجۂ حرارت اوسط سے زیادہ ہے۔ مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں شدت کی گرمی ہے، یہاں اپریل کے مہینے میں بہت زیادہ گرمی دیکھی گئی۔
بھارتی محکمہ موسمیات IMD کے مطابق کم سے کم درجۂ حرارت میں ایک اعشاریہ سات۔ آٹھ ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوا ہے جبکہ اوسط درجۂ حرارت میں تاریخی اوسط سے دو ڈگری کا اضافہ ہوگیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے سخت وارننگ جاری کی ہے کہ گرمی شدت میں تیزی آسکتی ہے۔
اُس نے مزید کہا کہ EL Nino کے کمزور پڑجانے اور La Nina کے شروع ہونے کے سبب درجۂ حرارت میں اضافہ قائم رہے گا جس سے گرمی کے حالات مزید خراب ہوں گے۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے IMD کے سینئر سائنٹسٹ آر کے جینامنی نے کہا کہ اگلے پانچ سے سات روز تک شمال مغربی اور وسطی بھارت میں درجۂ حرارت چالیس ڈگری سے اوپر رہے گا۔ راجستھان اور مدھیہ پردیش میں شدید لو جاری رہے گی۔ گجرات میں بھی اگلے پانچ روز تک درجۂ حرارت زیادہ ہی رہے گا جبکہ کیرالا اور Mahe میں ایسے ہی حالات رہیں گے۔

## Kashmir Migratns LS Election

انتخابی کمیشن نے دلّی میں رہائش پذیر کشمیری مائیگرینٹس کیلئے لوک سبھا انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی خاطر راجدھانی کے مختلف مقامات پر خصوصی پولنگ مراکز قائم کئے ہیں۔

یہ پولنگ مراکز نئی دلی کے کشمیر ریزیڈنٹ کمیشن، شالیمار باغ میں کشمیر کسان گھر، دلشاد گارڈن میں اَرواچن انٹرنیشنل اسکول اور نجف گڑھ کے پراوَت GGSSS میں قائم کیے گئے ہیں۔ انتخابی کمیشن نے ، اُن کشمیری مائیگرینٹس کو ، اِن خصوصی پولنگ مراکز پر لانے لے جانے کیلئے ٹرانسپورٹ کی مفت سہولت فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے ، جو ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ کشمیری مائیگرینٹس انتخابات میں حصہ لینے میں خصوصی دلچسپی دکھا رہے ہیں اور امید کی جا رہی ہے کہ وہ لوک سبھا انتخابات میں بڑی تعداد میں اپنے حقِ رائے دہی کا استعمال کریں گے۔

## IPL Cricke

آئی پی ایل کرکٹ میں آج دھرم شالہ کے ہماچل پردیش کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں پنجاب کنگس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا ۔ اس سے قبل کل رات حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے لکھنؤ سپرجائنٹس کو 10 وکٹ سے ہرادیا۔ ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے لکھنؤ سپرجائنٹس نے مقررہ 20 اوورس میں 4 وکٹ پر 165 رن بنائے تھے۔ اِس کے جواب میں سن رائزرس حیدرآباد نے بغیر وکٹ گنوائے محض 9 اوورس اور چار گیندوں میں 167 رن اسکور کیے۔ Travis Head کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

☆☆☆